6فروری، 2012

اسٹیٹ بینک نے ایس ایم ای کلسٹرز سروے کے نئے پروجیکٹ کا آغاز کردیا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک میں دس اہم اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز کلسٹرز (ایس ایم ای کلسٹرز) کے کلسٹرز سروے کے ایک نئے پروجیکٹ کا آج آغاز کردیا۔اس پروجیکٹ کا مقصد معاشی اہمیت کے حامل کلیدی ایس ایم ای کلسٹرز/ذیلی شعبوں سے متعلق قابل اعتبار معلومات کی فراہمی ہے۔اس پروجیکٹ سے جسے برطانوی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (DFID) نے فنڈ کیا ہے، ملک کے مختلف شہروں میں واقع اہم ایس ایم ای سب سیکٹرز کے کلیدی کاروباری محرکات کو فروغ ملے گا۔

سروے کے لئے منتخب کردہ کلسٹرز میں کاٹن جننگ، ماربل اینڈ ماربل پروڈکٹس، پلاسٹک پروڈکٹس، ہینڈ میڈ کارپیٹ مینوفیکچرنگ، لیدر پروڈکٹس، ڈرائی کلیننگ اینڈ لانڈری سروسز، بیوٹی پارلرز اینڈ اسپاہ (Beauty parlors and Spa)، سپر مارکیٹس اینڈ ریٹیل شاپس، پرنٹنگ پریس اور جیم اینڈ جیولری شامل ہیں۔

یہ سروے میسرز کارپوریٹ ڈیولپمنٹ پارٹنرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کرے گی جسے چار ماہ میں مکمل کیا جانا ہے۔

یہ ایک اہم پروجیکٹ ہے کیونکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کے بارے میں قابل اعتبار اور جامع اعداد و شمار کی دستیابی اس شعبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور شعبے سے متعلق موثر کاروباری حکمت عملیاں وضع کرنے میں اسٹیک ہولڈرز کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے۔

پروجیکٹ سے خاص طور پر بینکوں کو مناسب بینکاری مصنوعات اور مارکیٹنگ / ڈسٹری بیوشن کی حکمت عملیوں کے ذریعے مخصوص ایس ایم ای کلسٹرز پر توجہ مرکوز کرنے میں مدد ملے گی اور یوں ایس ایم ای کے شعبے میں ان کا کردار وسیع ہوگا۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے انٹرنیشنل فائنانس کارپوریشن (IFC) اور لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز کے اشتراک سے 11 دیگر اہم ایس ایم ای کلسٹرز سے متعلق ایسے ہی پروجیکٹس حال ہی میں مکمل کئے ہیں۔

سروے رپورٹس اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر موجود ہیں:

http://www.sbp.org.pk/departments/ihfd-ifc.htm

/☆☆☆